© rasailojaraid.com

# کویت کسی مشکل گھڑی میں پاکستان کو تنہا نہیں چھوڑے گا ڈاکٹر المعتوق

## بیت الذکوٰۃ کے زیر اہتمام کویت میں یتیم بچوں کا خصوصی پروگرام' جامعہ الاثریہ جہلم کے چار بچے علاقائی پروگرام میں شامل ہوئے

**پاکستانی بچوں کی زبردست پذیرائی' حافظ عبدالحمید عامر اور حافظ احمد حقیق کی جانب سے کویتی عوام اور میڈیا کے لئے اظہار تشکر**

کویت (نمائندہ خصوصی) کویت کے وزیر عدل و اوقاف اور دینی امور اور کویت کی معروف رفاہی تنظیم بیت الذکوٰۃ کے سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر عبداللہ المعتوق المعتوق نے کہا ہے کہ پاکستان اور کویت باہم دینی رشتوں میں منسلک ہیں اور وقت گزرنے کے ساتھ یہ برادرانہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے انہوں نے کہاکہ کویت کسی مشکل گھڑی میں پاکستانی عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گا وہ گزشتہ روز بیت الذکوٰۃ کے زیر اہتمام ہونے والی تقریب میں شریک پاکستانی یتیم بچوں کی پرفارمنس کے بعد پاکستانی وفد سے گفتگو کررہے تھے جس نے رئیس الجامعہ علوم الاثریہ جہلم حافظ عبدالحمید عامر اور مدیر الجامعہ علوم الاثریہ حافظ احمد حقیقی کی سربراہی میں اس تقریب میں شرکت کی تھی ڈاکٹر المعتوق نے کہاکہ حکومت کویت مسلم امہ کے اتحاد کے حوالے سے حکومت پاکستان کے اقدامات کی بھرپور حمایت کرتی ہے انہوں نے پاکستانی عوام اور بالخصوص جامعہ علوم الاثریہ جہلم کے ان اقدامات کی بے طورف میں تعریف کی جو وہ یتیم بچوں کی کفالت کے لئے کررہے ہیں اس موقع پر کویت کے سابق صدر کے صاحب زادے علی جابر بھی موجود تھے انہوں نے تقریب میں شریک پاکستانی یتیم بچوں کے ساتھ خصوصی وقت گزارا اور انہیں انعامات بھی دیئے واضح رہے کہ کویت کی رفاہی تنظیم بیت الذکوٰۃ دنیا بھر میں یتیم بچوں کی کفالت کرتی ہے اور مختلف اوقات میں ان کی فلاح و بہبود کے لئے پروگرام منعقد کرتی ہے پاکستان میں بیت الذکوٰۃ کے منصوبوں کی تکمیل جامعہ الاثریہ جہلم کے ذمہ ہے جہاں ایک سو سے زائد یتیم بچوں کی کفالت کی جاتی ہے اس پروگرام میں چار یتیم بچوں نے حافظ عبدالحمید عامر اور حافظ احمد حقیق کی سربراہی میں خصوصی طور پر شرکت کی ان بچوں نے پاکستان کے چاروں صوبوں کی نمائندگی کے طور پر بلوچی' پٹھان' سندھی اور پنجابی لباس میں علامہ اقبال کی نظم چین مطرب ہماری عربی زبان میں پیش کی جسے حاضرین و سامعین نے بے حد پسند کیا پروگرام میں شریک پاکستانی وفد اور بچوں کو کویت کے میڈیا نے خصوصی کوریج دی وفد کے سربراہان حافظ عبدالحمید عامر اور حافظ احمد حقیق نے اسلامی دنیا کے لئے کویتی خدمات کی تعریف کی اور ان اقدامات کو سراہا جو وہ یتیم بچوں کی کفالت کے لئے کررہا ہے انہوں نے یقین دلایا کہ جامعہ علوم الاثریہ جہلم' بیت الذکوٰۃ کے پروگراموں کی تکمیل میں ہر ممکن تعاون کرتی رہے گی۔

---

جامعہ علوم اثریہ جہلم کے زیر اہتمام

# فری آئی کیمپ میں 400 آپریشن لاکھوں کی ادویات تقسیم کی گئیں

**چھ ہزار سے زائد افراد نے او پی ڈی سے استفادہ کیا، مفت لینز بھی لگائے گئے، ضرورت مند افراد کو ڈیڑھ ہزار سے زائد چشمے فراہم کیے گئے**

## پاکستان کے ممتاز سرجن ڈاکٹر عبدالرشید شیخ کی سربراہی میں الابراہیم آئی ہسپتال کراچی کے ڈاکٹروں کی چھ رکنی ٹیم نے رضاکارانہ خدمات انجام دیں

**ستر فیصد مریضوں کا تعلق قریب و جوار کے علاقوں سے تھا، کھانا اور مفت رہائش جامعہ علوم اثریہ کی جانب سے فراہم کی گئی، حافظ عبدالحمید عامر**

جہلم (نمائندہ ہمدرد) بین الاقوامی شہرت کے حامل ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم نے جامعہ علوم اثریہ میں منعقدہ پانچویں سالانہ دوروزہ فری آئی کیمپ کے دوران آنکھوں کے چارسو سے زائد آپریشن کیے گئے جبکہ چھ ہزار کے لگ بھگ افراد نے کیمپ کی او پی ڈی سے استفادہ کیا اور انہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

## نوجوان ڈاکٹرز دیہی علاقوں کے پسماندہ عوام کی خدمت کریں

**دیہات میں آنکھوں کی بیماریاں عام ہیں، بینائی سے متعلق کسی بھی مرض کو معمولی نہ سمجھا جائے**

### کیمپ کے علاوہ بھی جامعہ علوم اثریہ سے تعاون کرتے رہیں گے، سالانہ آئی کیمپ میں شریک ڈاکٹروں کا عزم

جہلم (نمائندہ ہمدرد) جامعہ علوم اثریہ میں منعقدہ پانچویں سالانہ دوروزہ فری آئی کیمپ میں مریضوں کا علاج کرنے والے ڈاکٹرز نے کہا ہے وہ جہلم اور گردونواح کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

## جہلم میں فری آئی کیمپ کے انعقاد پر حافظ عبدالحمید عامر کو خراج تحسین

جہلم (نمائندہ ہمدرد) جہلم شہر اور اس کے گردونواح کے علاقے کے لوگوں نے جامعہ علوم اثریہ کے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کو زبردست خراج تحسین پیش

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

## جامعہ علوم اثریہ کے زیر اہتمام جہلم میں پانچواں فری آئی کیمپ ختم ہو گیا

جہلم (نمائندہ ہمدرد) جامعہ علوم اثریہ کے زیر اہتمام منعقدہ پانچواں سالانہ دوروزہ فری کیمپ گزشتہ روز ختم ہو گیا ہے جسے الابراہیم آئی ہسپتال کراچی کے تعاون سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

| ہمدرد | خراج تحسین | 31 |
|---|---|---|

کیا ہے اور کہا ہے کہ حافظ صاحب کی دلچسپی کے باعث علاقے کے بہت سے غریب افراد کو آنکھوں کی بیماریوں سے نجات مل گئی ہے۔ ہمدرد سے گفتگو کے دوران اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ حافظ صاحب اس علاقے کے لوگوں کی جو بلا معاوضہ اور بے غرض خدمت کررہے ہیں اس کا اجر انہیں انسان نہیں دے سکتے۔ انہوں نے حافظ عبدالحمید عامر کی درازیٔ عمر کی دعا کی اور اس امر کا اظہار کیا کہ ان کی سرپرستی میں فری آئی کیمپ کا ہر سال انعقاد اس بات یک دلیل ہے کہ حافظ صاحب اس علاقے کے لوگوں کی صحت اور بطور خاص بصارت کو کس قدر اہمیت دیتے ہیں۔

| ہمدرد | کیمپ ختم | 32 |
|---|---|---|

لگایا گیا تھا کیمپ میں جہلم شہر اور اس سے ملحقہ دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے آنکھوں کے مریضوں کا مفت چیک اپ کیا گیا ادویات فراہم کی گئیں اور آپریشن بھی کیے

گئے۔ کیمپ کے اختتام پر جامعہ علوم اثریہ جہلم کے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انشاءاللہ تعالیٰ اگلے سال بھی حسب روایت فری آئی کیمپ کا انعقاد ہو گا جس میں بین الاقوامی شہرت کے حامل ڈاکٹرز مریضوں کا مفت علاج کریں گے۔

| ہمدرد | کیمپ | 33 |
|---|---|---|

لاکھوں روپے کی ادویات مفت فراہم کی گئیں۔ فری کیمپ کے مہتمم اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کیمپ کے تیسرے روز ایک ملاقات میں بتایا کہ جامعہ میں یہ فری آئی کیمپ ہر سال لگایا جاتا ہے جبکہ اس سال کیمپ کی شہرت سے متاثر ہوکر الابراہیم آئی ہسپتال کراچی کے ماہر ڈاکٹروں کی پہلے اپنی خدمات رضاکارانہ طور پر پیش کی۔ انہوں نے بتایا کہ ہسپتال کا دس رکنی طبی عملہ منتظم محمد یاور علی کی قیادت میں تئیس فروری کو کراچی سے جہلم پہنچا تھا اور انہوں نے ڈسپنسری اور آپریشن تھیٹر کے لیے ... فروری ... سیٹ اپ تیار کیا جبکہ آپریشن ہفتہ چھبیس فروری ...

© rasailojaraid.com